© rasailojaraid.com



# قاری محمد رمضان مرحوم و مغفور

فضیلۃ الشیخ محمد اسحاق بھٹی حفظہ اللہ تعالیٰ

کم وبیش چالیس برس قبل کی بات ہے کہ میں ایک عزیز کی شادی پر بورے والا گیا۔ وہاں چونتیس، پینتیس برس کے ایک صحت مند جوان سے ملاقات ہوئی۔ پورا قد، بھرا ہوا گداز جسم، چوڑا چہرہ، سرخی مائل گندمی رنگ، کشادہ سینہ، موٹی آنکھیں، کھلی جبین، نہایت خندہ پیشانی سے پیش آئے۔ خود ہی اپنا تعارف کرایا کہ میرا نام محمد رمضان ہے۔ اور جامعہ سلفیہ فیصل آباد میں بچوں کو قرآن مجید حفظ کراتا ہوں۔ قریب کھڑے ہوئے ایک شخص نے لقمہ دیا۔ ان کا نام قاری محمد رمضان ہے یعنی نام کے ساتھ ''قاری'' کا لفظ لگا ہے۔ پھر بات کچھ آگے بڑھی تو معلوم ہوا کہ ہم دراصل انہی کے بڑے بھائی عبداللہ کے گھر آئے ہیں۔

قاری محمد رمضان صاحب سے مل کر اور ان سے ہم کلام ہو کر بڑی مسرت ہوئی۔ وہ نرم لہجے میں بات کرتے تھے اور دوران گفتگو میں ان کے چہرے پر مسکراہٹ طاری رہتی تھی پتا چلا کہ وہ کئی سال سے جامعہ سلفیہ کے شعبہ تحفیظ القرآن سے منسلک ہیں اور بہت سے بچے ان سے قرآن مجید حفظ کر چکے ہیں۔

تقسیم ملک کے وقت اگست 1947ء میں محمد رمضان کی عمر پانچ چھ سال کی ہوگی اور ان کے بزرگ ریاست بیکانیر کی سکونت ترک کر کے بورے والا (ضلع وہاڑی) میں آبسے تھے۔ ......محمد رمضان نے مولانا عبداللہ گورداس پوری مرحوم سے ابتدائی تعلیم حاصل کی۔ لیکن ان سے انہوں نے کون کون سی کتابیں پڑھیں اور کتنا عرصہ پڑھتے رہے۔ اس کا کچھ پتا نہیں۔ قرآن مجید کہاں حفظ کیا اور قرات و تجوید کا فن کن صاحب سے سیکھا، اس کے متعلق بھی کچھ معلوم نہیں۔

تقسیم ملک سے پہلے پنجاب کے اہل حدیث حضرات کا تعلق ارادت اور تعلق تعلم زیادہ تر لکھوی اور غزنوی علمائے کرام سے تھا۔ اس مسلک سے وابستہ لوگ حصول تعلیم کے لیے اپنے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قاری محمد رمضان

بچوں کو بالعموم جامعہ محمدیہ لکھو کے میں یا مدرسہ غزنویہ امرتسر میں بھیجتے تھے۔ 1947ء کے بعد جامعہ محمدیہ لکھو کے سے اوکاڑہ میں منتقل ہو گیا تھا۔ اس کے ناظم مولانا معین الدین لکھوی تھے بورے والا میں تھوڑی بہت ابتدائی تعلیم کے بعد محمد رمضان نے اوکاڑے کا عزم کیا اور جامعہ محمدیہ میں داخل ہو گئے، لیکن کب داخل ہوئے اور کن حضرات مدرسین سے کون کون سی کتابیں پڑھیں؟ اس کا علم نہیں ہو سکا۔

جامعہ محمدیہ کے معروف ترین مدرس استاذ پنجاب حضرت مولانا عطاء اللہ لکھوی مرحوم و مغفور تھے جو لکھو کے میں بھی خدمت تدریس سرانجام دیتے رہے تھے۔ انہوں نے 26 فروری 1952ء کو وفات پائی۔ ان کے زمانہ تدریس میں تو محمد رمضان یہاں نہیں آئے ہوں گے اگر آئے ہوں گے۔ تو ان سے کچھ نہیں پڑھا ہو گا اس لیے کہ اس وقت یہ بہت کم عمر تھے اور بالکل ابتدائی کتابوں کے طالب علم تھے۔

حضرت مولانا عطاء اللہ لکھوی کے علاوہ حافظ عبداللہ بڈھیمالوی، مولانا محمد عبدہ الفلاح، مولانا ہدایت اللہ ندوی اور بعض دیگر اساتذہ بھی جامعہ محمدیہ میں خدمت تدریس پر مامور رہے۔ مولانا عبداللہ امجد چھتوی کا بھی طویل عرصے تک جامعہ محمدیہ میں قیام رہا۔ حافظ شفیق الرحمٰن لکھوی بھی استاذ کی حیثیت سے کام کرتے رہے۔ ممکن ہے ان حضرات نے قاری صاحب ممدوح نے تعلیم حاصل کی ہو، لیکن وثوق سے کچھ کہنا مشکل ہے۔ البتہ بیان یہی کیا جاتا ہے کہ وہ جامعہ محمدیہ اوکاڑہ سے فارغ التحصیل ہوئے تھے......

ہمارے اکثر قدیم دور کے مدارس دینیہ کا یہ عجیب معاملہ ہے کہ نہ ان کے اساتذہ کرام کا پتا چلتا ہے کہ کون کون ان میں مصروف درس و تدریس رہے اور نہ اس بات کا صحیح طور سے سراغ ملتا ہے کہ کن علماء نے کن حضرات سے تعلیم حاصل کی اور کس سال مروجہ نصاب کی کتابوں سے فراغت پائی۔ فراغت کے بعد وہ جن مدارس میں تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ یاد رہے ہیں ان مدارس میں بھی ان کی تعلیم کے بارے میں مکمل ریکارڈ موجود نہیں ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ان کے مفصل حالات اور پورے تعلیمی کوائف سے ہم آگاہ نہیں ہو





© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## قاری محمد رمضان

سکتے۔اس عدم آگاہی کی وجہ سے بے شمار علمائے کرام کی علمی، خطابتی اور سیاسی مساعی پردہ خفا میں چلی گئی ہیں اس کا اصل احساس اس وقت ہوتا ہے جب ان کے متعلق کچھ لکھنے اور لوگوں کو انکے کوائف حیات سے مطلع کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔اس کا پتا نہ ان کے تلامذہ کو ہوتا ہے نہ رفقاء کو اور نہ ان کے اخلاف کو!

بات قاری محمد رمضان صاحب کے بارے میں ہو رہی تھی انہوں نے پنتالیس (45) برس جامعہ سلفیہ میں طلباء کو قرآن مجید حفظ کرانے کا فریضہ ادا کیا اور اس طویل مدت میں بے شمار طلباء نے ان سے قرآن مجید حفظ کیا۔اس کے ساتھ ہی وہ فیصل آباد کی جامع مسجد الفردوس (گل برگ) میں خطبہ جمعہ بھی ارشاد فرماتے تھے۔تقریباً اتنا عرصہ ہی ان کے خطبات جمعہ کا سلسلہ جاری رہا۔

قاری صاحب موصوف صالح اور متقی عالم دین تھے اخلاق حسنہ کے مالک اور عالی کردار ان کا کمال یہ ہے کہ تمام عمر ایک ہی تدریسی ادارے سے منسلک رہے۔بعض دیگر اداروں کی طرف سے انہیں خدمت سرانجام دینے کی پیش کش کی گئی ہوگی لیکن اس عالم خوش طینت نے جہاں پہلے دن پڑھانا شروع کیا تادم آخر میں وہیں پڑھاتے رہے۔

ان کی عام صحت عمر کے اعتبار سے بہت اچھی تھی۔لیکن 25 اگست 2015ء کو دوپہر کے وقت اچانک ان کے دل کی دھڑکن بند ہوگئی اور وہ وفات پا گئے انا للہ وانا الیہ راجعون اسی دن نماز عصر کے بعد ان کی نماز جنازہ جامعہ سلفیہ میں حافظ مسعود عالم صاحب نے پڑھائی، جس میں جامعہ کے اساتذہ وطلباء کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اس کے بعد ان کی میت ان کے گھر بورے والا لے جائی گئی، وہاں جامعہ کے شیخ الحدیث، مولانا عبدالعزیز علوی نے ان کا جنازہ پڑھایا، جس میں بورے والا شہر کے حضرات اور مرحوم کے اعزہ واحباب شامل ہوئے۔ اللھم اغفرله وارحمه وعافه واعف عنه

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com